A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Roll No. | | | | | | | Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________　　Sig. of Invigilator.____________

# اُردو اختیاری　ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25منٹ　　حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) 'ہم نفسانِ رفتہ' کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

الف۔ مرزا فرحت اللہ بیگ　ب۔ مولانا شبلی نعمانی

ج۔ رشید احمد صدیقی　د۔ محمد حسین آزاد

(ii) ''دو چوریاں جائز ہیں۔ایک دل کی اور دوسری کتاب کی'' کس کا قول ہے؟

الف۔ نیاز فتح پوری　ب۔ احسن مارہروی

ج۔ مہدی افادی　د۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ

(iii) فلپ ____________ نوجوان تھا اور کونت روڈ کی فوج سے تعلق تھا۔

الف۔ اطالوی　ب۔ فرانسیسی

ج۔ برطانوی　د۔ جرمن

(iv) خواجہ حسن نظامی کا اصل نام کیا ہے؟

الف۔ دلاور علی　ب۔ انور علی

ج۔ حسن علی　د۔ قاسم علی

(v) مشتاق احمد یوسفی کی کس کتاب کو آدم جی انعام ملا؟

الف۔ چراغ تلے　ب۔ خاکم بدہن

ج۔ زرگزشت　د۔ آبِ گم

(vi) صحرا میں ہر روز ایک نیا ____________ جنم لیتا ہے۔

الف۔ منظر　ب۔ میدان

ج۔ ریگ زار　د۔ ملبہ

(vii) مولوی وحید الدین سلیم کس یونیورسٹی میں پروفیسر تھے؟

الف۔ لاہور یونیورسٹی　ب۔ پنجاب یونیورسٹی

ج۔ حیدرآباد یونیورسٹی　د۔ عثمانیہ یونیورسٹی

(viii) ''اُن کی باتوں سے اپنا جی بُرا نہ کریں'' کس سورۃ کی آیت کا ترجمہ ہے؟

الف۔ سورۃ یوسف　ب۔ سورۃ یٰسین

ج۔ سورۃ الرحمٰن　د۔ سورۃ بنی اسرائیل

(ix) بقول ڈاکٹر سیّد عبداللہ ''الفاظ کی دنیا ____________ کی دنیا ہے۔''

الف۔ نگارشات　ب۔ جمالیات

ج۔ مضمرات　د۔ عجائبات

(x) مثنوی 'سیف الملوک' کس شاعر کا شاہکار کلام ہے؟

الف۔ رضا ہمدانی　ب۔ میاں محمد بخش

ج۔ میر حسن　د۔ دیا شنکر نسیم

Result.pk

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) اُردو غزل کا '' باوا آدم'' کسے مانا جاتا ہے؟

الف۔ ولی دکنی   ب۔ میر تقی میر

ج۔ مرزا غالب   د۔ میر درد

(xii) غلام ہمدانی مصحفی کے اُردو میں ________ دیوان ہیں۔

الف۔ گیارہ   ب۔ نو

ج۔ آٹھ   د۔ سات

(xiii) خواجہ حیدر علی آتش کی جائے پیدائش کیا ہے؟

الف۔ لکھنو   ب۔ فیض آباد

ج۔ دہلی   د۔ آگرہ

(xiv) کس شاعر کو ''رئیس المتغزلین'' کہا جاتا ہے؟

الف۔ حسرت موہانی   ب۔ حیدر علی آتش

ج۔ ابراہیم ذوق   د۔ جگر مراد آبادی

(xv) 'نشاطِ خواب' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

الف۔ مومن خان مومن   ب۔ اصغر گونڈوی

ج۔ حسرت موہانی   د۔ ناصر کاظمی

(xvi) اُردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

الف۔ ولی دکنی   ب۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ

ج۔ میر تقی میر   د۔ مرزا غالب

(xvii) مصحفی نے کس شاعر کو 'شاعر شیریں بیان' کہا تھا؟

الف۔ میر حسن   ب۔ محسن کاکوروی

ج۔ حیدر علی آتش   د۔ مومن خان مومن

(xviii) اقبال نے اپنی شاعری کا آغاز کس صنفِ سخن سے کیا؟

الف۔ نظم گوئی   ب۔ غزل گوئی

ج۔ قصیدہ   د۔ مثنوی

(xix) '' پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو   دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں''

درج بالا شعر میں علمِ بیان کی کون سی صنف ہے؟

الف۔ تشبیہ   ب۔ استعارہ

ج۔ تلمیح   د۔ کنایہ

(xx) اگر غزل کے تیسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں، تو وہ کیا کہلائے گا؟

الف۔ مطلع ثانی   ب۔ غیر مردّف مطلع

ج۔ مطلع مردّف   د۔ حسن مطلع

---

برائے ممتحن:   کُل نمبر: 20   حاصل کردہ نمبر: ☐



Result.pk

# اُردو اختیاری   ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2 - 1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

**سوال نمبر۲:** درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: **(10x3=30)**

(i) وصال سے ایک ماہ پیشتر حضورؐ نے ایک خطبہ کے آغاز میں امت کے حق میں کیا دُعا فرمائی؟

(ii) اکبر الہ آبادی کے نام خط میں علاّمہ محمد اقبالؒ نے کن جذبات و احساسات کا اظہار کیا ہے؟ مختصراً لکھیے۔

(iii) فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت موزوں ہیں؟

(iv) فرحت اللہ بیگ نے مولوی صاحب کی کون سی خامیوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟ **(یا)**

مرزا فرحت اللہ بیگ کے طرزِ تحریر پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(v) استعارہ کی تعریف کریں اور ایک شعری مثال کے ذریعے اس کے ارکان کی نشاندہی کریں۔

(vi) ''ترتیب عقل و خرد کی غماز ہے۔ بے ترتیبی جذبے کی علم بردار ہے''۔ وضاحت کیجیے۔

(vii) مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کیجیے:

ردائے نیلگوں ، چشم اشک بار ، احتساب نفس **(یا)**

''چمن آتشِ گل سے دہکا ہوا'' میر حسن کی مثنوی کے اس مصرعے کی وضاحت کریں۔

(viii) سیرت نگاری کا مفہوم واضح کریں۔

(ix) نظم اور غزل میں فرق لکھیے۔

(x) مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟ دو مثالیں دیں۔ **(یا)**

مطلع کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

**سوال نمبر۳:** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

الف۔ نام و نمود چھو کر نہیں گیا تھا۔ ورنہ شہرت وہ بدبلا ہے کہ جہاں یہ آتی ہے کچھ نہ کچھ شیخی آ ہی جاتی ہے۔ ہمارے شاعروں میں تو تعلّی عیب ہی نہیں رہی بلکہ شیوہ ہو گئی ہے۔ وہ سیدھی سادی باتیں کرتے تھے اور جیسا کہ عام طور پر دستور ہے باتوں میں شعر پڑھنا، بحث کر کے اپنی فضیلت جتانا یا اشارے کنائے میں دوسروں کی تحقیر اور در پردہ اپنی بڑائی دکھانا، اُن میں بالکل نہ تھا۔ ہاں شعر میں البتہ کہیں کہیں تعلّی آ گئی ہے مگر وہ بھی ایسے لطیف پیرائے میں کہ خاکساری کا پہلو وہاں بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔

ب۔ جہاں تک اشیائے خور و نوش کا تعلق ہے، میں تہذیب حواس کا قائل نہیں۔ میں یہ فوری فیصلہ ذہن کے بجائے زبان پر چھوڑنا پسند کرتا ہوں۔ پہلی نظر میں جو محبت ہو جاتی ہے اس میں بالعموم نیت کا فتور کار فرما ہوتا ہے۔ لیکن کھانے پینے کے معاملے میں میرا یہ نظریہ ہے کہ پہلا ہی لقمہ یا گھونٹ فیصلہ کن ہوتا ہے۔ بدذائقہ کھانے کی عادت کو ذوق میں تبدیل کرنے کے لیے بڑا پاپڑ بیلنا پڑتا ہے۔ مگر میں اس سلسلے میں برسوں تلخی کام و دہن گوارا کرنے کا حامی نہیں، تاوقتیکہ اس میں بیوی کا اصرار یا گرہستی مجبوریاں شامل نہ ہوں۔

Result.pk

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔
بنائے اپنی حکمت سے زمین و آسماں تُو نے
دکھائے اپنی قدرت کے ہمیں کیا کیا نشاں تُو نے
تری صنعت کے ڈھانچے میں ڈھلا ہے پیکرِ ہستی
سمویا اپنے ہاتھوں سے مزاجِ جسم و جاں تُو نے
نہیں موقوف خلّاقی تری اس ایک دُنیا پر
کیے ہیں ایسے ایسے سیکڑوں پیدا جہاں تُو نے

ب۔
صادآنکھوں کے دیکھ کر پسر کی
بینائی کے چہرے پر نظر کی
مہر لب شہ ہوئی خموشی
کی نورِ بصر سے چشم پوشی
گھر گھر یہی ذکر تھا یہی شور
خارج ہوا نورِ دیدۂ کور

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔
توڑ کر بیٹھا ہوں راہِ شوق میں پائے طلب
دیکھنا ہے جذبۂ بیتابی منزل مجھے

ب۔
خدا کی بے نیازی ہائے مومن
ہم ایماں لائے تھے نازِ بتاں سے

ج۔
کسی نے مول نہ پوچھا دلِ شکستہ کا
کوئی خرید کے ٹوٹا پیالہ کیا کرتا

د۔
یوں نہ گھبرائے ہوئے پھرتے تھے
دل عجب کُنجِ اماں تھا پہلے

ہ۔
مری مشاطگی کی کیا ضرورت حسنِ معنی کو
کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالے کی حنابندی

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: مولوی عبدالحق کی نثر نگاری پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

سفر نامہ نگاری سے کیا مراد ہے؟ اُردو ادب میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۷: مومن خان مومنؔ کی شاعرانہ خصوصیات پر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

خواجہ حیدر علی آتشؔ بہترین غزل گو شاعروں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کے کلام کی خصوصیات لکھیے۔

سوال نمبر۸: محسن کاکوروی کی نعتیہ شاعری پر جامع نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

اُردو شاعری میں نعت گوئی کا مقام متعین کیجیے۔

------2HA 1338------

Result.pk